
علم میراث
ڈاکٹر حافظ انس نضر

# عول

## ماڈیول ۱۳

# اصل مسئلے کی قسمیں

1. **مسئلہ عادلہ** (یعنی اصحاب الفرائض کے سہام کا مجموعہ اصل مسئلہ کے برابر ہو۔)
2. **مسئلہ عائلہ** (یعنی اصحاب الفرائض کے سہام کا مجموعہ اصل مسئلہ سے زائد ہو۔)
   - اس صورت میں عول ہو گا۔(تفصیل: 'عول کے مسائل' میں)
3. **مسئلہ ناقصہ** (یعنی اصحاب الفرائض کے سہام کا مجموعہ اصل مسئلہ سے کم ہو۔)
   - اس صورت میں باقی بچنے والا مال عصبہ کو الاقرب فالاقرب کے مطابق ملے گا۔اور اگر عصبہ موجود نہ ہوں تو ردّ ہو گا۔(تفصیل: 'ردّ کے مسائل' میں)

# مثال

اصل یہ ہونا چاہیے تھا

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | 6 | 8 | 8 | کا 75% | = | 6 |
| 1/6 | ماں | 1 | 1 | 1.33 | کا 75% | = | 1 |
| 1/2 | شوہر | 3 | 3 | 4 | کا 75% | = | 3 |
| 2/3 | دو بہنیں | 4 | 4 | 5.33 | کا 75 | = | 4 |
| | | 8 | 8 | | | | 8 |

# عول

لغوی معنی: زیادتی،اصطلاحًا: زِيادَةٌ فِي السِّهامِ وَنَقصٌ فِي الأنصِباءِ یعنی سہام میں زیادتی اور(اس کے نتیجے میں) حصص میں کمی۔۔۔(زِيادَةُ فُرُوضِ المسأَلَةِ عَلی أَصلِهَا)

# کن اصول پر عول آسکتا ہے؟

عول آسکتا ہے: ۶، ۱۲، ۲۴

عول نہیں آسکتا: ۲، ۳، ۴، ۸

- چھ

مثلاً: (شوہر، بہن، علاتی بہن)، (ماں، شوہر، بہن، اخیافی بہن)، (شوہر، 2 بہنیں، 2اخیافی بہنیں)، (دادی، شوہر، 2علاتی بہنیں، 2اخیافی بھائی)

- بارہ

مثلاً: (نانی، بیوی، 2 بہنیں)، (ماں، شوہر، 2بیٹیاں، باپ)، (دادی، بیوی، حقیقی بہن، علاتی بہن، اخیافی بہن، اخیافی بھائی)

- چوبیس

مثلاً: (ماں، بیوی، 2بیٹیاں، باپ)، (ماں، بیوی، 2 بہنیں، 2اخیافی بھائی، (بیٹا کافر))